## کراچی پر طالبان کا قبضہ کرانے اور شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازش کی جارہی ہے، الطاف حسین

## ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو کراچی میں طالبانائزیشن اور فرقہ وارانہ فسادات کی سازش میں رکاوٹ ہے

## ایم کیوایم کسی کو اس بات کی اجازت نہیں دے سکتی کہ وہ ہمارے علاقوں میں آکر ہم پر حملے کریں

## ڈیفنس کلفٹن، نارتھ ناظم اور گلشن اقبال ریزیڈنٹس کمیٹیوں کے ارکان سے بیک وقت ٹیلی فون پر خطاب

لندن۔۔۔4، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایک منظّم سازشی منصوبہ بندی کے تحت کراچی پر طالبان کا قبضہ کرانے اور شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازش کی جارہی ہے اوراس سلسلے میں ایجنسیوں کے بعض بااثر عناصر کی سرپرستی میں قبائلی علاقوں کے عوام کوٹرکوں میں بھر بھر کر کراچی لایا جارہا ہے اورانہیں شہر بھر میں پھیلایا جارہا ہے۔ یہ بات انہوں نے ڈیفنس کلفٹن، نارتھ ناظم آباد اور گلشن اقبال ریزیڈنٹس کمیٹیوں کے ارکان سے بیک وقت ٹیلی فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک منظّم سازش کے تحت ایجنسیوں کے بعض بااثر عناصر قبائلی علاقہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد کوٹرکوں میں بھر بھر کر کراچی منتقل کرارہے ہیں اورانہیں شہر کے مختلف علاقوں میں پھیلا کر شہر کی زمینوں پر قبضہ کرارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک ہفتہ سے قبائلی علاقوں سے کراچی منتقل ہونے والے مذہبی انتہاء پسندوں نے کراچی میں طالبانائزیشن اور شہر میں فرقہ وارانہ فسادات سازشوں پرعمل شروع کردیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اسکیم 33 میں واقع اسماء گارڈن، گلشن ویوا پارٹمنٹ کے پارکوں، فلیٹوں اوردکانوں کی دیواروں پر مذہبی انتہاء پسندوں کی جانب سے مذہبی منافرت اور فرقہ واریت پر مبنی شرانگیز نعرے تحریر کئے گئے ہیں جن میں چند نعرے یہ ہیں۔

کراچی میں رہنا ہے تو طالبان بن کے رہنا ہے، کراچی میں رہنا ہے تو جہادی بن کے رہنا ہے، کراچی میں رہنا ہے تو بیت اللہ محسود کہنا ہے اور مذہبی منافرت پھیلانے کیلئے یہ افسوسناک نعرہ بھی تحریر کیا گیا ہے کہ ''خمینی کتا، خمینی کافر، جو نہ مانے وہ بھی کافر''۔انہوں نے مزید کہا کہ ان شرانگیز نعروں سے صاف ظاہر ہے کہ ایک جانب تو مذہبی انتہاء پسند کراچی پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اوردوسری جانب کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی آگ بھڑ کر شہر کا امن وسکون غارت کرنا چاہتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو کراچی میں طالبانائزیشن اور فرقہ وارانہ فسادات کی سازش میں رکاوٹ ہے اورایم کیوایم آئندہ بھی ان مذموم عوامل کے خلاف جمہوری انداز میں آواز بلند کرتی رہے گی۔ جناب الطاف حسین نے شرکاء سے دریافت کیا کہ کیا آپ کراچی میں طالبانائزیشن چاہتے ہیں؟ جس پر شرکاء نے یک زبان ہوکر کہا ''ہرگز نہیں'' جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کسی سے بھی محاذ آرائی نہیں چاہتی لیکن ایم کیوایم کسی کو اس بات کی اجازت نہیں دے سکتی کہ وہ ہمارے علاقوں میں آکر ہم پر حملے کریں اور دہشت گردی کے ذریعہ شہر کا امن تباہ کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ہماری نسلوں کی بقاء وسلامتی کا معاملہ ہے، اس حساس معاملہ پر ایک ایک شہری کوشعوری بیداری کا مظاہرہ کرنا ہوگا اور موجودہ حالات کا سنجیدگی سے نوٹس لیتے ہوئے اپنے اتحاد کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے شرکاء پر زوردیا کہ وہ حالات پر گہری نظر رکھیں اور سندھ خصوصاً کراچی کے خلاف کی جانے والی سازشوں سے عوام کو آگاہ کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## متحدہ قومی موومنٹ صوبہ سرحد کے نئے عہدیداروں کے ناموں کا اعلان

## اسلم شاہ آفریدی آرگنائزر اور محمد زبیر انجم اور ڈاکٹر اسلم جان جوائنٹ آرگنائزر رہوں گے

پشاور۔۔4، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ صوبہ سرحد کی تنظیم نو کردی گئی ہے اور صوبہ کے نئے عہدیداروں کے ناموں کا اعلان کردیا گیا ہے۔ رابطہ کمیٹی کے اعلان کے مطابق اسلم شاہ آفریدی صوبہ سرحد کے آرگنائزر جبکہ محمد زبیر انجم اور ڈاکٹر اسلم جان جوائنٹ آرگنائزر رہوں گے۔ اعلان کے مطابق محمد علی خان فنانس سکریٹری، حبیب خان نشر واشاعت سکریٹری اور جنید طارق قریشی آفس سکریٹری ہوں گے جبکہ اقبال حسین شاہ، نوید اختر خان، رشید احمد خان اور سید عبداللہ شاہ صوبہ سرحد کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔

## ایم کیوایم نوابشاہ زون یوسی A-8 کی کمیٹی رکن غلام سرور راہو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے

## تدفین نوابشاہ میں ہوئی، زونل کمیٹی اور دیگر کارکنان کی شرکت

## غلام سرور راہو کے انتقال پر قائد تحریک الطاف حسین، رابطہ کمیٹی اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کا اظہار افسوس

نوابشاہ۔۔۔4، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ نوابشاہ زون یوسی A-8 کی یونٹ کمیٹی رکن غلام سرور راہو رضاالٰہی سے انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم غلام سرور راہو کی 45 سال اور وہ شادی شدہ تھے۔مرحوم کے سوگواران میں بیوہ اور چھ بچے شامل ہیں۔غلام سرور راہو عرصہ دراز سے شوگر اور بلڈ پریشر کے موذی مریض میں مبتلا تھے کہ گزشتہ روز ان کی حالت اچانک خراب ہوگئی جسکے بعد انہیں قریبی اسپتال پہنچایا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکے اور اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ غلام سرور راہو مرحوم کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان نوابشاہ کے گاؤں رئیس مہندی خان راہو قاضی احمد قبرستان سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ ڈبل روڈ نوابشاہ پر ادا کی گئی۔ جنازے میں نوابشاہ کے زونل انچارج، زونل کمیٹی کے اراکین، تعلقہ ناظم، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، سیکٹرز و یونٹس کمیٹیوں کے ارکان، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے غلام سرور راہو کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں شریک ہیں اور دکھ کی گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ غلام سرور راہو مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبرِ جمیل دے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے بھی غلام سرور راہو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کیلئے دعائے مغفرت اور سوگواران صبر و جمیل کیلئے دعائیں کیں۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد، ناظم آباد گلبہار، سرجانی ٹاؤن اور ملیر سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔4، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 کے کارکن محمد سعید کی والدہ محترمہ شمیم بیگم، ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 181 کے کارکن شوکت کی اہلیہ محترمہ سعیدہ بیگم، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 1 کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد تحسین کی ہمشیرہ محترمہ نسیم بیگم اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن عارف کوکنی کی والدہ محترمہ زلیخہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنتِ الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## اسکیم 33 رضوان سوسائٹی میں مسلح دہشت گردوں کی ایم کیوایم کے کارکنان پر فائرنگ کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔4، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین سندھ اسمبلی نے گزشتہ روز کراچی کے علاقے اسکیم 33 رضوان سوسائٹی میں ایم کیوایم کے کارکنان پر فائرنگ اور ایک کارکن کو زخمی کرنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ جرائم پیشہ دہشت گرد عناصر شہر کا امن تباہ کرنے کے لئے کھلی دہشت گردی پر اتر آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اور اس کے کارکنان نے ہمیشہ شہر، صوبے اور ملک کے وسیع تر مفادات کو ملحوظ خاطر رکھا ہے اور قومی مفادات کے آگے کسی قسم کی سودے بازی نہیں کی ہے جس کے جواب میں ایم کیوایم کو بعض قوتیں مشترکہ گھٹ جوڑ کر کے سازشوں کا نشانہ بناتی ہیں اور ایم کیوایم کے کارکنان پر فائرنگ کا واقعہ بھی اسی کی کڑی ہے۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اور وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ سکیم 33 کے علاقے میں ایم کیوایم کے کارکنان پر فائرنگ کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ارکان سندھ اسمبلی نے زخمی کارکن عدنان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا

بھی کی

-

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو کی 5روزہ مہم جاری ہے

## چوتھے دن بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز پر ہجوم دکھائی دیا

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی انسداد پولیو کی مستقل مہم سے ہزاروں بچے استفادہ کر کے محفوظ ہو چکے ہیں، والدین

کراچی۔۔۔4، جولائی 2008ء۔۔۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام پولیو کے خاتمے کیلئے منگل سے شروع ہونیوالی انسداد پولیو کی 5روزہ مہم جاری ہے جبکہ انسداد پولیو کے چوتھے دن بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز پر ہجوم دکھائی دیا جس کے باعث صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک فاؤنڈیشن کے مراکز پر خصوصی عملہ نے اپنی خدمات انجام دیں۔ جمعہ کے دن نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال فیڈرل بی ایریا، خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی کے علاوہ شہر کے مختلف علاقوں میں قائم خورشید بیگم فلاحی ڈسپنسریوں میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین سے قطرے بڑی تعداد میں پلائے گئے اوراس سلسلے میں قائم کی گئی گشتی ٹیموں نے بھی گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کا سلسلہ جاری رکھا۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز پر انسداد پولیو مہم سے مستفید ہونے والے بچوں کے والدین نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی انسداد پولیو مہم سے ہم اپنے بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ بنارہے ہیں اوراس ادارے کے تحت مستقل چلائی جانے والی انسداد پولیو کی مہم سے ہزاروں بچوں نہ صرف مستقل استفادہ کر چکے ہیں بلکہ یہ سلسلہ اب بھی اسی لگن اور جذبے کے تحت جاری ہے۔انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن طبی، فلاحی اور سماجی سرگرمیوں کو سراہااور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراور صحت وتندرستی کیلئے بھی دعائیں کیں۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد، ناظم آباد، گلبہار، سرجانی ٹاؤن اور ملیر سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔4، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 کے کارکن محمد سعید کی والدہ محترمہ شمیم بیگم، ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 181 کے کارکن شوکت کی اہلیہ محترمہ سعیدہ بیگم، سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 1 کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد تحسین کی ہمشیرہ محترمہ نسیم بیگم اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن عارف کوکنی کی والدہ محترمہ زلیخہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنتِ الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## سینئر صحافی زبیر احمد سے رابطہ کمیٹی اور میڈیا کمیٹی کے ارکان کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔4 جولائی 2008ء۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور میڈیا کمیٹی کے ارکان نے جنگ سنڈے میگزین کے ایڈیٹر زجس ملک کے سسر اور سینئر صحافی زبیر احمد بٹ کے والد غلام حسین کشمیری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی اور میڈیا کمیٹی کے ارکان نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆